ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پیسٹ وارننگ
اینڈ کوالٹی کنٹرول آف
پیسٹیسائیڈز، پنجاب

(تعارف)

نظامت زرعی اطلاعات پنجاب
21- سر آغا خان سوئم روڈ۔ لاہور

اغراض ومقاصد (Aims &Objectives)

(1) پیسٹ سکاؤٹنگ۔(Pest Scouting)

☆ نقد آور فصلات مثلاً کپاس، دھان، گندم اور چنے کی پیسٹ سکاؤٹنگ کی مہمات چلانا اور ضرررساں کیڑوں، بیماریوں اور جڑی بوٹیوں کی ہفتہ وار مشاہداتی سروے رپورٹ جاری ونشر کرنا۔

☆ دیگر فصلات مثلاً گنا، مکئی، روغندار جناس، سبزیات اور باغات کے ضرررساں کیڑوں اور بیماریوں کا سروے کرنا اوران کے متعلق ہفتہ یا پندرہ روزہ پیشین گوئی رپورٹیں بمعہ سفارشات کسانوں کی رہنمائی کے لیے جاری کرنا۔

(2) تربیت عملہ توسیع واکاشتکاران۔(Trainings)

☆ فصلات، سبزیات، باغات کے ضرررساں کیڑوں، بیماریوں کی شناخت، نقصانات اورتدارک کے لیے ضلع اور تحصیل ومرکزی سطح پر عملہ توسیع، کاشتکاران کوتربیت دینا۔

☆ زرعی ادویات فروخت کرنے والے ڈیلر حضرات کوفصلات، سبزیات اور باغات کے کیڑوں، بیماریوں اور جڑی بوٹیوں کی شناخت، نقصانات اورتدارک کے علاوہ زرعی ادویات کی گروپ بندی، سٹوریج، استعمال، خصوصیات، حفاظتی تدابیر اور پلانٹ پروٹیکشن مشنری بارے تربیت دینا۔

☆ کاشتکاران کو مفید کیڑوں کی پہچان، موجودگی اورحفاظت کے علاوہ محفوظ زرعی ادویات بارے ضروری معلومات اور تربیت دینا تاکہ فصلات پر زرعی ادویات کا سپرے کرنے کی صورت میں مفید کیڑوں کی تعداد کم سے کم متاثر ہو سکے اور ماحول میں کم سے کم آلودگی ہو۔

(3) کیڑے مار زرعی زہروں کا کوالٹی کنٹرول۔

(Quality Control Of Pesticides)

☆ کاشتکاران تک خالص زہروں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ڈیلر حضرات زرعی ادویات، تیارکنندگان، تقسیم کنندگان کے سٹورز اور تیار کرنے والے یونٹوں کی جانچ پڑتال کرنا۔

(4) تحقیق۔(Research)

☆ فصلات، سبزیات اور باغات پر حملہ آور کیڑوں اور بیماریوں کے نقصان کی معاشی حد کا تعین کرنا۔

☆ پیسٹ سکاوٴٹنگ کے مختلف طریقوں پر تحقیق کرنا۔

☆ مختلف نئی زہروں کے کیڑوں، بیماریوں کے خلاف انسدادی قوت کے تجربات کرنا اور تجربہ کی روشنی میں سفارشات پیش کرنا۔

☆ اہم فصلات کے مربوط انسداد کے طریقہ کے مطابق کاشتکاران کو ضروری سفارشات دینا۔

☆ ضرررساں حشرات اور بیماریوں کے تکرار کے ذرائع پر تحقیق اور متعلقہ سفاشات پیش کرنا۔

☆ علاقہ میں اہم کیڑوں کے میزبان پودوں کا سروے اور اس سے متعلقہ سفارشات فراہم کرنا

☆ ضرررساں کیڑوں کی افزائش اور تعداد کے تعین کے لیے جنسی، روشنی کے پھندے لگانا۔

☆ فصلات میں موجود مفید کیڑوں کی آبادکاری کا سروے اور مختلف زہروں کے اثرات کا جائزہ لینا۔

(5) رہنمائی۔(Plant Protection Guidance)

☆ علاقہ میں مختلف حشریات اور بیماریوں کے سروے کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ ادارہ جات کو فوری سفارشات برائے انسدادی کاروائی پیش کرنا۔

☆ محکمہ زراعت شعبہ توسیع کو کیڑوں اور بیماریوں کے تدارک کے لیے فوری آگاہی دینا تاکہ موثر اور یقینی عملدرآمد میسر آئے۔

☆ علاقہ کے مسائل کی روشنی میں حکومت کو زرعی ادویات سے متعلق قوانین کے لیے سفاشات پیش کرنا۔

☆ زیادہ نقصان والے علاقوں (فصلات، سبزیات، باغات میں) کی اطلاع کے لیے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر نشریات جاری کرنا۔

☆ تحفظ نباتات کے متعلق اہم امور پر وقتاً فوقتاً ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر معلومات فراہم کرنا۔

☆ اخبارات، پندرہ روزہ زراعت نامہ، دیگر تحریری ذرائع وغیرہ کے ذریعے کاشتکاران تک تحفظ نباتات کے بارے میں معلومات بہم پہنچانا۔

☆ میلہ جات اور نمائش کے موقعوں پر کسان بھائیوں کے لیے زرعی معلومات کا اظہار۔

کاشتکار متوجہ ہوں

- ☆ فصلات، باغات اور سبزیات پر کیڑے یا بیماری کے حملہ کی صورت میں سپرے کرنے سے قبل پیسٹ سکاؤٹنگ ضرور کریں۔
- ☆ کیڑا یا بیماری کی معاشی حد یا اس سے زیادہ ہونے کی صورت میں سپرے کریں۔
- ☆ اندھا دھند سپرے کرنے سے گریز کریں۔
- ☆ ہمیشہ محکمہ زراعت شعبہ پیسٹ وارننگ یا توسیع کے ماہرین کے مشورے سے تجویز کردہ زہروں کا سپرے کریں۔
- ☆ مفید کیڑوں کی مقررہ حد تک موجودگی کی صورت میں سپرے کرنے سے گریز کریں تاکہ قدرتی تحفظ ہو اور آب و ہوا زہروں کی آلودگی سے پاک رہے۔
- ☆ زہریں خریدتے وقت ان ڈیلروں سے خریدیں جن کی دکان پر لائسنس نمبر درج ہو اور محکمہ زراعت کے پاس رجسٹرڈ ہوں۔
- ☆ زرعی زہر خریدتے وقت رسید ضرور حاصل کریں اور ڈیلر سے اوریجنل کیش میمو، زہر کا نام اور بیج نمبر لکھوانا نہ بھولیں اور رسید اپنے پاس رکھیں۔
- ☆ ویگنوں پر فروخت ہونے والی اور دکان کے علاوہ کسی دوسری جگہ سٹور کی گئی زہر کو نہ خریدیں۔
- ☆ **جعلی زرعی زہروں اور کھادوں کے بارے محکمہ زراعت کی ملاوٹ کنٹرول لائن 0800-02200 پر مفت کال کر کے اطلاع دیں تاکہ ایسے حضرات کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکے۔**
- ☆ سبزیات پر ایسی محفوظ زہروں کا سپرے کریں جن کا اثر (Residual Effect) جلدی ختم ہو جائے۔
- ☆ کیڑے اور بیماریوں کے خلاف مربوط طریقہ انسداد IPM, Integrated pest management اپنائیں۔ تاکہ زہروں کا کم سے کم استعمال ہو اور آب و ہوا میں آلودگی نہ ہونے پائے۔

تیار کردہ
ڈائریکٹوریٹ جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول
آف پیسٹی سائیڈز پنجاب، لاہور
شائع کردہ: نظامت زرعی اطلاعات پنجاب